**The Islamia University of Bahawalpur, Pakistan**
BAHAWALNAGAR CAMPUS
DEPARTMENT OF EDUCATION
FINAL TERM EXAMINATION

| | | |
|---|---|---|
| Subject: | Teaching of Urdu | Course Code: EDU-24303 |
| Semester: | 3rd | Session: |
| Program | M A Education | Teacher: Dr. Rafaquat Ali |

| Student Name | Roll No | Signature |
|---|---|---|

**Part First (Time 30 Minutes) Marks=20**

Q No. 1: Circle the appropriate option from provided options against each question/statement.

1-تدریس نثر سے مراد---------------- کی تدریس ہے۔

(الف) ناول (ب) خطوط (ج) افسانہ (د) درج تمام (الف، ب، اور ج)

2۔---------------- سے مراد زبان کا وہ علم ہے جو زبان میں استعمال ہونے والے الفاظ کی ساخت، حروف، الفاظ اور افعال کی اقسام اور استعمال پر بحث کرتا ہے۔

(الف) قواعد (ب) انشاء (ج) نثر (د) تدریب

3 –قواعد کی تدریس کے ----------- طریقے میں اصطلاحات ، اصول اور تعریفیں رٹوا دی جاتی ہیں اور پھر ان کا اطلاق چند مثالوں سے سکھا دیا جاتا ہے۔

(الف) استقرائی (ب) استخراجی (ج) نزولی (د) درج بالا تمام (الف، ب، اور ج)

4-غیر مادری زبان سیکھنے کا عمل کتنا آسان اور کتنا مشکل ہے اس بات کا انحصار اس بات پر ہے کہ -----------------------۔

(الف) وہ زبان کونسی ہے (ب) زبان سیکھنا والا کونسا ہے (ج) زبان سیکھنے کا مقصد کیا ہے (د) درج بالا تمام (الف، ب، اور ج)

5- مندرجہ ذیل میں سے کونسا درست ہے؟

(الف) تقریری انشاء تحریری انشاء پر مقدم ہے (ب) تحریری انشاء تقریری انشاء پر مقدم ہے

(ج) دونوں انشاء کی اقسام میں سے کوئی بھی مقدم نہیں ہے (ج) دونوں کو تقدیم حاصل ہے

6-استقرائی طریقہ تدریس میں --------- مرکز تدریس ہے۔

(الف) استاد (ب) مواد تدریس (ج) طالب علم (د) جائزہ

7-------------- کا مقصد طالب علم کے اندر نظم کے جمالیاتی ذوق اور پیش کئے گئے خیالات کے حسن کو سہارنا سکھانا ہے۔

(الف) استفہام (ب) تفہیم (ج) تدریق (د) استحسان

8- قوائد کا وہ حصہ جس میں مرکب جملوں اور عبارتوں سے بحث کی جاتی ہے ---------- کہلاتا ہے۔

(الف) صرف (ب) نحو (ج) انشاء (د) گرائمر

9-اکیلے بامعنی لفظ کو--------- کہتے ہیں ۔

(الف) جملہ (ب) بیان (ج) کلام (د) کلمہ

10۔وہ اسم جو شروع ہی سے مصدر کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اس کو------------- کہتے ہیں

(الف) مصدر مفرد (ب) مصدر مرکب (ج) مصدر لازم (د) مصدر متعدی

11- مندرجہ ذیل میں سے کونسی اسم مشتق کی قسمیں ہیں -

(الف) اسم فاعل (ب) اسم مفعول (ج)الف اور ب میں کوئی نہیں (د) الف اور ب دونوں

12۔وہ حرف جو فعل کا تعلق فاعل کے ساتھ اور اسم کا خبر کے ساتھ ربط پیدا کرے اسے حرف --------کہتے ہیں۔

(الف) حرف جار (ب) حرف عطف (ج) حرف علت (د) حرف بیان

13–وہ حروف جو دو اسموں کا آپس میں تعلق پیدا کرے وہ ------ کہلاتا ہے۔

(الف) حرف جار (ب) حرف عطف (ج) حرف علت (د) حرف اضافت

14-مندرجہ ذیل میں سے کونسا الفاظ کا جوڑا متضاد ہے ؟

(الف) توکل - بھروسہ (ب) نشیب -فراز (ج) رغبت -شوق (د) حب -الفت

15- "ماں کہتی ہے میرا چاند آیا" اس حالت میں --------- کا استعمال کیا گیا ہے۔

(الف) تشبیہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (ج) کنایا

16- شتر بے مہار، پیٹ کا ہلکا ہونا وغیرہ --------------- کی مثالیں ہیں -

(الف) تشبیہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (ج) کنایا

17-کسی بات کو اچھی طرح سمجھانے کے لئے اسے کہانی یا گذشتہ سنے اور دیکھے ہوئے واقعہ کے حوالے سے واضح کرنا--------- کا استعمال ہے۔

(الف) مراعات النظیر (ب) تلمیح (ج) صنعت تضاد (د) حسن تعلیل

18- ایک ہی مضمون سے تعلق رکھنے والے مناسب الفاظ کو سلیقے سے استعمال کیا جائے تو اسے --------- کہتے ہیں ۔

(الف) مراعات النظیر (ب) تلمیح (ج) صنعت تضاد (د) حسن تعلیل

19- خطاب ، لقب ، تخلص، کنیت اسم--------- کی مثالیں ہیں -

(الف) اسم موصول (ب) اسم تنکیر (ج) اسم علم (د) اسم ضمیر

20۔ وہ لفظ جس کے مجازی معنی مراد ہو مگر حقیقی اور مرادی معنوں میں تشبیہ کا تعلق نہ ہو وہ --------- کہلاتا ہے۔

(الف) تشبیہ (ب) مجاز مرسل (ج) استعارہ (ج) کنایا

# The Islamia University of Bahawalpur, Pakistan

BAHAWALNAGAR CAMPUS

DEPARTMENT OF EDUCATION

FINAL TERM EXAMINATION

| | | |
|---|---|---|
| Subject: | Teaching of Urdu | Course Code: EDU-24303 |
| Semester: | 3rd | Session: |
| Program | M A Education | Teacher: Dr. Rafaquat Ali |

| Student Name | Roll No | Signature |
|---|---|---|
| | | |

Part Second (Time 35 Minutes) Marks=14

Q No. 2: Answer the following questions briefly Marks 14

1-اردو کی تدریس بحثیت غیر مادری زبان میں تدریس کے طریقہ راست سے کیا مراد ہے؟

2- تدریس انشاء میں درخواست سے کیا مراد ہے۔

4- مراسلہ نگاری سے مراد ہے؟

5- مضمون کے اجزاء بیان کریں۔

6- تقریری انشاء کے لئے رائج دو تدابیر بیان کریں۔

7- قواعد کی تدریس کا استقرائی طریقہ بیان کریں ۔

Part Third (Time 55 Minutes) Marks=16

سوال نمبر 3: انشاء سے کیا مراد ہے ؟ انشاء کی اہمیت اور قواعد بیان کریں ۔ 8

سوال نمبر 4: تدریس نثر کے مختلف مراحل تفصیل کے ساتھ بیان کریں۔ 8